## سوال

(58) نکاح میں بے نماز یا مرتکب کبیرہ کو گواہ بنانا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا نکاح کے لیے ایسے گواہ کا انتخاب کیا جا سکتا ہے جو نماز نہیں پڑھتا اور اسی طرح خود گناہ کبیرہ میں بمتلا ہو؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

نکاح کے صحیح ہونے کی شروط میں سے ایک شرط یہ ہے کہ گواہ عادل ہوں۔

حضرت جابر بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

«لانکاح الابولی وشاہدی عدل»

''نکاح ولی اور دو ثقہ گواہوں کے بغیر منعقد نہیں ہوتا۔،، (صحیح ابن حبان: 9/386، وسنن الدار قطنی: 3/225)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاویٰ صراط مستقیم

**نکاح وطلاق کے مسائل، صفحہ: 374**

محدث فتویٰ